© rasailojaraid.com



مترجم کی اس پہلی کاوش پر ہم انھیں ہدیۂ تبریک پیش کیے بغیر نہیں رہ سکتے، اور اس کے مطالعہ کی پر زور سفارش کرتے ہیں ۔۔۔ رسم الخط البتہ کچھ ڈیزائن دار ہے جس سے دورانِ مطالعہ قدرے وقت محسوس ہوتی ہے ۔۔۔ بہتر ہوتا اگر سادہ نستعلیق رسم الخط میں، موضوع کی مناسبت سے، اس کی سادگی اور متانت کو برقرار رکھا جاتا۔

کتاب پر قیمت درج نہیں، مذکورہ بالا پتہ کے علاوہ درج ذیل پتوں سے بھی مل سکتی ہے:

۱۔ جامع مسجد رحمانیہ اہلحدیث، باغبانپورہ۔ لاہور ۹

۲۔ جامع مسجد ربانی اہلحدیث گلبرگ اے (A) فیصل آباد

# اقوالِ مصطفیٰ ﷺ سے بغاوت نہ کیجئے!

دانا سے انقطاعِ رفاقت نہ کیجئے!
احمق سے دوستی کی حماقت نہ کیجئے

جاں جائے، جائے جادۂ حق میں ہے نصیب
باطل کی پیروی کسی صورت نہ کیجئے

اللہ کی معصیت کی سزا دردناک ہے
اللہ کی معصیت کی جسارت نہ کیجئے

افعالِ مصطفیٰ ﷺ ہیں اگر آپ کو عزیز
اقوالِ مصطفیٰ ﷺ سے بغاوت نہ کیجئے

دُنیا کا غم رہے نہ رہے فکرِ آخرت
اس درجہ بھی کسی سے محبّت نہ کیجئے

جب ہو چکے ہیں راہِ محبت میں گامزن
اب درد و رنج و غم کی شکایت نہ کیجئے

مشہور آدمی کو کسی دم سکوں نہیں
دل میں کبھی بھی حسرتِ شہرت نہ کیجئے

خوئے نفاق کفر کی فطرت سے بھی بُری
اہلِ نفاق سے کبھی الفت نہ کیجئے

توبہ کے بعد جرم سے جو مجتنب رہے
خوش بخت ہے، وہ اُس پہ ملامت نہ کیجئے

اغوا و قتل و راہزنی جس کا کام ہے
اس لائقِ سزا سے مروّت نہ کیجئے

یہ دونوں بدترین ہیں اللہ کے حضور
مشرک سے بدعتی سے محبّت نہ کیجئے

یہ مفتخر تھا حبیبِ خدا کی غذائے روح
عاجز کسی فقیر سے نفرت نہ کیجئے



© rasailojaraid.com